# این وائی سی پبلک اسکولز میں کیا ہو رہا ہے

查看本文件的中文版 | এই নথি বা ডকুমেন্টটি বাংলায় দেখুন | اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية
이 문서를 한국어로 보기 | Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen | Consultez ce document en français
Перевод документа на русский язык | یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں | Consulte este documento en español

schools.nyc.gov/MessagesForFamilies

## فروری 2025

یہ تازہ ترین معلومات، خاندانوں کو سمر رائزنگ 2025، سالانہ این وائی سی اسکول سروے، تعلیمی کونسل کے انتخابات، ہفتہ برائے "سب کے لیے احترام"، اور اندراج کی اہم تاریخوں کے بارے میں ضروری معلومات فراہم کرتی ہیں۔

---

مندرجات


- سمر رائزنگ
  - مائی اسکولز درخواست
  - IEPs اور 504 منصوبوں کے حامل طلباء
- نیو یارک شہر اسکول سروے
- انتخابات برائے تعلیمی کونسل
- سب کے لیے احترام ہفتہ
- داخلوں کی اہم تاریخیں
  - 3K اور پری کنڈرگارٹن درخواستوں کی آخری تاریخ
  - ہائی اسکول پیشکشیں


---

## سمر رائزنگ

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) موسم گرما 2025 کے لئے ایک بار پھر سمر رائزنگ کے لیے محکمہ نوجوانان اور برادری فروغ دہی (DYCD) کے ساتھ شراکت داری کے منتظر ہیں۔ سمر رائزنگ ایلیمنٹری اور مڈل اسکول کے طلبا کو تفریحی، ثقافتی طور پر متعلقہ، اور عملی تجربات سے مربوط کرتا ہے جو ان کی تعلیمی، سماجی، اور جذباتی صلاحیتوں کو مستحکم کرتے ہیں۔ سمر رائزنگ **بلا معاوضہ** ہے اور نیویارک شہر کے کسی بھی موجودہ طالب علم کے لیے کھلا ہے جو اس وقت کنڈرگارٹن سے 8 گریڈ میں ہے۔

**<u>گریڈز K–5:</u>**

- یہ پروگرام **2 جولائی سے 15 اگست، 2025 پیر سے جمعہ، صبح 8 بجے سے شام 6 بجے** تک جاری رہے گا۔

**<u>گریڈز 6-8:</u>**

- یہ پروگرام **2 جولائی سے 8 اگست، 2025 پیر سے جمعہ ،صبح 8 بجے سے شام 6 بجے** تک جاری رہے گا۔

طلباء کو بلامعاوضہ ناشتہ اور لنچ فراہم کیا جائے گا۔ پروگرامنگ میں NYCPS کے عملے کی سربراہی میں تعلیم اور DYCD برادری پر مبنی تنظیموں (CBOs) کے توسط سے منعقد کردہ سرگرمیاں شامل ہوں گی۔

## سمر رائزنگ مائی اسکولز درخواست

درخواستیں **4 مارچ** کو کھلیں گی اور **28 مارچ، 2025** کو بند ہوں گی۔ 2024 کی طرح ، اہلِ خانہ ہمارے آن لائن ڈائریکٹری اور ایپلی کیشن سسٹم ، **مائی اسکولز** کا استعمال کرتے ہوئے سمر رائزنگ کے لئے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔

درخواست دینے کے لئے، **MySchools.nyc** پر لاگ ان کریں (اگر آپ کے پاس پہلے سے ہی MySchools اکاؤنٹ ہے تو آپ کو نیا بنانے کی ضرورت نہیں ہے)۔ آپ کا MySchools اکاؤنٹ، جو داخلے کے لیے استعمال ہوتا ہے، NYC Schools Account (NYCSA) سے مختلف ہے، جسے آپ اپنے بچے کے صحت کے فارم تک رسائی حاصل کرنے اور ہنگامی رابطہ معلومات کی تجدید کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

اگر آپ نے سمر رائزنگ، پری کنڈرگارٹن/3K پروگرامز، یا NYCPS اسکولوں کے لیے MySchools کے ذریعے درخواست دی ہے، تو آپ کا بچہ پہلے ہی آپ کے اکاؤنٹ میں شامل کر دیا گیا ہوگا۔ اگر آپ کے پاس MySchools اکاؤنٹ نہیں ہے، تو آپ **MySchools.nyc** پر جا کر اپنا اکاؤنٹ بنا سکتے ہیں۔ اس کے لیے آپ کا ای میل ایڈریس، آپ کے بچے کا 9 ہندسوں پر مشتمل طالب علم ID نمبر، اور MySchools اکاؤنٹ تخلیق کرنے کا کوڈ درکار ہوگا، جو آپ اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

اہلِ خانہ جتنے چاہیں پروگرام اپنی درخواست میں شامل کر سکتے ہیں؛ ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ زیادہ سے زیادہ پروگرام شامل کریں تاکہ آپ کے پسندیدہ پروگرام میں داخلے کے امکانات بڑھ سکیں۔

داخلے کا یہ عمل "پہلے آئیں، پہلے پائیں" کی بنیاد پر **نہیں** ہے؛ آخری تاریخ تک موصول ہونے والی تمام درخواستوں کو یکساں سمجھا جائے گا۔ خاندان درخواست کے دورانیے کے دوران کسی بھی وقت اپنی درخواست میں ترامیم کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں یا درخواست کے سلسلے میں مدد درکار ہے تو برائے مہربانی ہماری ویب سائٹ **schools.nyc.gov/SummerRising** پر جائیں، اپنے اسکول سے رابطہ کریں یا **summer@schools.nyc.gov** پر ای میل کریں۔-

## انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) اور 504 منصوبے رکھنے والے طلباء

وہ طلباء جو **12 ماہ / توسیعی تعلیمی سال (ESY)**، خصوصی کلاس، نیسٹ ( Nest) یا ہرائزن (Horizon) پروگراموں میں شرکت کرتے ہیں وہ ان کے IEP پر مجوزہ پروگرام اور خدمات کو ایک توسیعی تعلیمی سال (ESY)، ضلع 75 یا آگرمیوں کے نیسٹ یا ہرائزن پروگرام کے مقام پر موصول کریں گے۔ وہ اہل خانہ جو سمر رائزنگ کے ذریعے IEP پروگرام **اور** CBO کے زیرِ قیادت توسیع دن تقویتی تعلیم میں شرکت کرنا چاہتے ہیں انہیں MySchools درخواست پورٹل استعمال کرنا ہوگا۔ ان اہل خانہ کو سمر رائزنگ کی نشستوں کے لیے ترجیح حاصل ہوگی اور یہ اپنے IEP پروگرام سے متعلقہ CBO پروگرام (پروگرامز) منتخب کریں گے۔

اگر آپ اپنے بچے کے لیے توسیع دن کی تقویتی تعلیم **نہیں** چاہتے، اور آپ کا بچہ صرف Nest یا Horizon پروگرامنگ (دوپہر 12:00 بجے تک)، D75 (دوپہر 2:30 بجے تک)، یا ESY پروگرامنگ (دوپہر 2:00 بجے تک) میں حصہ لے گا، تو آپ MySchools درخواست پورٹل استعمال کرنے کے بجائے اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔

جن طلباء کو سمر رائزنگ میں حصہ لینے کے لیے سہولیات، جیسے کہ کوئی پیرا پروفیشنل یا نرس، کی ضرورت ہو تو انہیں یہ سہولیات ان کی انفرادی ضروریات کے مطابق فراہم کی جائیں گی۔

---

# 2025 نیویارک شہر (NYC) اسکول سروے

**10 فروری 2025 سے**، NYCPS اپنے سالانہ **NYC اسکول سروے** کا انعقاد کرے گا۔
گزشتہ 19 سالوں سے سالانہ منعقد ہونے والے NYC اسکول سروے میں شہر کے سرکاری اسکولوں کے خاندانوں، اساتذہ، گریڈ 6-12 کے طلباء، اور منتخب عملے کے اراکین سے ان کے انفرادی تجربات کے بارے میں رائے طلب کی جاتی ہے۔ یہ رائے، جو خفیہ رہے گی، ہمارے اسکولوں کو یہ سمجھنے میں مدد دے گی کہ ان کے طلباء اور برادری کے اراکین اپنے تعلیمی ماحول، اساتذہ، نصاب، معاون خدمات اور دیگر پہلوؤں کے بارے میں کیا سوچتے ہیں اور ان کی ضروریات کیا ہیں۔ اسکول کے قائدین اس رائے کو اپنے اسکولوں اور پروگراموں کی پیشکش کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

سروے دیکھنے اور مکمل کرنے کے لیے، 10 فروری سے اپنے باضابطہ **NYCSA** میں **schoolsaccount.nyc** پر لاگ ان کریں۔ آپ کو سروے کی ایک چھپی ہوئی نقل بھی موصول ہوگی جس میں سروے کو کاغذ پر یا آن لائن مکمل کرنے کے طریقے کے بارے میں معلومات ہوں گی۔

2025 کا سروے **4 اپریل 2025** کو بند ہو جائے گا۔ NYC 2025 اسکول سروے کے بارے میں مزید معلومات **nycschoolsurvey.org** پر حاصل کریں۔

---

## کمیونٹی اور شہر گیر تعلیمی کونسل کے انتخابات 2025

اگر آپ شہر کے طلباء کی تعلیم پر مثبت اثرات مرتب کرنے والی پالیسیوں اور ترجیحات کی تشکیل میں مدد کرنا چاہتے ہیں تو تعلیمی کونسل میں شامل ہونے پر غور کریں! والدین 2027-2025 کی مدت کے لیے **اتوار، 16 فروری 2025** تک درخواست دے سکتے ہیں۔ درخواستیں آپ کے NYC اسکولز اکاؤنٹ (**SchoolsAccount.nyc**) کے ذریعے مکمل کی جاتی ہیں اور اسے مکمل کرنے میں صرف 10-5 منٹ لگتے ہیں! اہلیت کی جانچ فہرست، انتخابات کا رہنما کتابچہ اور اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQ) اور ہر کونسل کی نشست کے لیے حصہ لینے کی اہلیت کون رکھتا ہے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے **schools.nyc.gov/Elections2025** پر جائزہ لیں۔

اپنی درخواست مکمل کرنے کے لیے، آپ کو اپنے نام پر نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) بنانا ہوگا۔ آپ اپنے ضلع کے امیدواروں کو ووٹ دینے کے لیے بھی NYCSA استعمال کریں گے، اس لیے اپنا اکاؤنٹ ابھی بنا کر تیار رہنا ضروری ہے۔ مزید معلومات کے لیے **schools.nyc.com/NYCSA** پر جائیں۔

---

## سب کے لیے احترام ہفتہ

اس سال،"سب کے لیے احترام" ہفتہ **10 سے 14 فروری 2025** تک منایا جائے گا! اس پورے ہفتے کے دوران، شہر بھر کے اسکول موجودہ پروگراموں کو اجاگر کریں گے اور ان پر مزید کام کریں گے تاکہ طلباء، عملہ اور برادریوں کو مختلف ثقافتوں اور تنوع کے بارے میں بہتر سمجھنے میں مدد مل سکے۔ اس کے علاوہ، طلباء ایسے اسباق اور سرگرمیوں میں حصہ لیں گے جو غنڈہ گردی، دھمکی دینے اور تعصب پر مبنی ہراسانی کو روکنے پر مرکوز ہوں گی، اور یہ جمعہ، 14 فروری کو 'کوئی تنہا نہیں ہے قومی دن' کے ساتھ اختتام پذیر ہوں گی۔

"سب کے لیے احترام" ہفتہ کیا ہے اور غنڈہ گردی اور ہراسانی کے خلاف NYCPS کے اقدامات اور وسائل کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے، براہ کرم **schools.nyc.gov/RespectForAll** پر جائیں۔

---

## داخلوں کی اہم تاریخیں

2025 کے آغاز میں ہمارے سب سے کم عمر طلباء کے لیے موسمِ خزاں 2025 میں اسکول میں داخلہ لینے کی اہم تاریخیں شامل ہیں۔

### 3K اور پری کنڈرگارٹن درخواستوں کی آخری تاریخ

اپنی درخواست **جمعہ، 28 فروری 2025** تک جمع کروانا یاد رکھیں! اگر آپ کا بچہ 2022 میں پیدا ہوا ہے، وہ اس خزاں میں 3K میں شرکت کر سکتا ہے۔ اگر آپ کے بچے کی پیدائش سال 2021 کی ہے تو وہ اس موسمِ خزاں میں پری کنڈرگارٹن میں شرکت کر سکتا ہے۔

نیویارک شہر میں بلامعاوضہ 3K اور پری کنڈرگارٹن تعلیم کے بارے میں مزید جاننے، اپنے قرب و جوار میں کوئی پروگرام کیسے تلاش کریں، اور درخواست دینے کا طریقہ جاننے کے لیے ہماری ویب سائٹ **schools.nyc.gov/3K** اور**schools.nyc.gov/PreK** پر جائیں اور ہماری ایلیمنٹری داخلوں کی ورچوئل تقریبات میں سے ایک میں شرکت کریں جو یہاں **schools.nyc.gov/ESEevents** درج فہرست ہیں۔

### ہائی اسکول کی پیشکش

اگر آپ کے بچے نے 9 دسمبر 2024 کی آخری تاریخ تک موسم خزاں 2025 کے لیے ہائی اسکول میں درخواست دی تھی تو آپ کو **6 مارچ 2025** تک ان کی ہائی اسکول کی پیشکش موصول ہو جائے گی۔ آپ کو ای میل کے ذریعے اطلاع دی جائے گی تاکہ آپ اپنے **MySchools** اکاؤنٹ میں لاگ ان کر کے پیشکش اور کسی بھی انتظار کی فہرست کی پوزیشن (اگر قابلِ اطلاق ہو) دیکھ سکیں۔ اس کے ساتھ ہی اگلے مراحل کے بارے میں معلومات شامل ہوں گی۔ پیشکش کیسے کی جاتی ہے اور اگلے مراحل کے بارے میں معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/HS** پر جائیں۔